## گرامر برائے صفحہ 2b کمزورافعال: زَادَ

اب ہم بیچ میں کمزور حرف والے ایک اور فعل کے اسٹائل کو سیکھیں گے: زَادَ۔

- ماضی کی چابی: زَادَ۔ اس کی جمع ہو گی زَادُوا۔ مگر اس کے بعد زَادْتَ کے بجائے زِدْتَّ کہنا ہے۔ کمزور حرف (الف) آرام کرنے چلا گیا۔ آپ بھی زَادْتَ کے بجائے آرام سے کہیے زِدْتَّ! بقیہ صیغے اسی طرح ہوں گے۔
- مضارع کی چابی: ضَرَبَ يَضْرِبُ کی طرح زَادَ يَزِيْدُ۔ الف یاء سے بدل گیا۔ اب اس چابی سے بقیہ صیغے آپ بنا سکتے ہیں!
- امر کی چابی: يَزِيْدُ کا یاء گرائیے اور آخری حرف کو ساکن کیجیے۔ زِيْدْ۔ کمزور حرف حکم سنتے ہی ڈر کر بھاگے گا تو رہ جاتا ہے زِدْ۔ اب اس چابی سے بقیہ صیغے آپ بنا سکتے ہیں!

51 زَادَ: اس نے بڑھایا (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

| فعل ماضٍ | | فعل مضارع | | فعل أمر، فعل نهى، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام | |
|---|---|---|---|---|---|
| زَادَ | اس نے بڑھایا | يَزِيْدُ | وہ بڑھاتا ہے | زِدْ | بڑھا! |
| زَادُوْا | ان سب نے بڑھایا | يَزِيْدُوْنَ | وہ سب بڑھاتے ہیں | زِيْدُوْا | بڑھاؤ! |
| زِدْتَّ | آپ نے بڑھایا | تَزِيْدُ | آپ بڑھاتے ہیں | لَا تَزِدْ | مت بڑھا! |
| زِدْتُّ | میں نے بڑھایا | أَزِيْدُ | میں بڑھاتا ہوں | لَا تَزِيْدُوْا | مت بڑھاؤ! |
| زِدْتُّمْ | آپ سب نے بڑھایا | تَزِيْدُوْنَ | آپ سب بڑھاتے ہیں | زَائِد | بڑھانے والا |
| زِدْنَا | ہم سب نے بڑھایا | نَزِيْدُ | ہم سب بڑھاتے ہیں | مَزِيْد | جو بڑھایا گیا |
| زَادَتْ | اس عورت نے بڑھایا | تَزِيْدُ | وہ عورت بڑھاتی ہے | زِيَادَة | بڑھانا |

## عربی بول چال

هَلْ يَزِيْدُ؟ — نَعَمْ، يَزِيْدُ.

هَلْ يَزِيْدُوْنَ؟ — نَعَمْ، يَزِيْدُوْنَ.

هَلْ تَزِيْدُ؟ — نَعَمْ، أَزِيْدُ.

هَلْ تَزِيْدُوْنَ؟ — نَعَمْ، نَزِيْدُ.

---

کلاس کے بعد آپس میں سوالات وجوابات کیجیے:

- فعل ماضٍ: هَلْ زِدْتُّمْ شَيْئًا؟ مَا زِدْنَا شَيْئًا.
- فعل أمر: زِدْ عِلْمًا! سَوْفَ أَزِيْدُ عِلْمًا.

زَادَ ہی کی طرح كَادَ (اس نے خفیہ تدبیر کی) کا پورا ٹیبل بنایا جاسکتا ہے-اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔